# 6296 ـ نماز کی حالت میں گندی اشیا اٹھانے کا حکم

**سوال**

کیا نماز کی حالت میں ممکن ہے کہ ہم اپنی جیب میں گندی اشیاء ( مثلا ٹیشو پیپر یا گاڑی کی چابیاں ) اٹھائیں؟
اگر جواب نفی میں ہو تو کیا دوران نماز ہم ان اشیاء کو اپنے سامنے زمین پر رکھیں یا کہ سائڈ پر ؟
اور جماعت کے ساتھ نماز میں حرکت کرتے ہوئے کسی اور شخص کے آگے ہو جائیں تو کیا ہو گا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

گندی اشیاء کی دو اقسام ہیں، یا تو گندی اشیاء وہ ہوں جن پر شریعت اسلامیہ نجس کا حکم لگاتی ہے، مثلا آدمی کا بول و براز، لیکن وہ گندی اشیاء جنہیں شریعت اسلامیہ نجس کا حکم نہیں دیتی مثلا تھوک اور بلغم اور ناک وغیرہ.

پہلی حالت ( یعنی وہ اشیاء جنہیں شریعت نجس کا حکم دیتی ہے ) میں یہ اشیاء نماز میں اٹھانی جائز نہیں، اور نہ ہی یہ مسجد میں رکھنی جائز ہیں.

لیکن دوسری اشیاء نمازی کی جیب میں رکھنے میں کوئی حرج نہیں"

واللہ اعلم .